# یارڈ پر چوری کی گاڑیاں سکریپ کرنے کی روک تھام کے متعلق آرڈیننس

(یکم دسمبر 2019 سے نفاذ)

*یکم اکتوبر 2019 سے رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔

اس آرڈیننس کا مقصد یہ ہے کہ یارڈ پر چوری کی گاڑیاں سکریپ کرنے کی روک تھام کے لیے ضروری پابندی کرنے سے گاڑیوں کی چوری کی روک تھام کرنا ہے۔

## ~ آرڈیننس کا اطلاق ~

اس آرڈیننس میں یارڈ کا مطلب گاڑیاں سکریپ کرنے کے لیے عمارت یا جگہ ہے۔ گاڑیاں[عام گاڑیاں، چھوٹی گاڑیاں، "کے"گاڑیاں، بڑی اور چھوٹی اسپیشل مشینری گاڑیاں] سکریپ کرنے کا کام کرنے والے اور سکریپ کرنے والے کو یارڈ کے طور پر استعمال کی جانے والی زمین وغیرہ بغیر کرائے یا کرائے پر دینے والے مندرجہ ذیل اصولوں کے پابند کیے جاتے ہیں۔
[کچھ کیس اس آرڈیننس سے مستثنیٰ ہوں گے]

## ~ چند بڑی پابندیاں ~

| | | |
|---|---|---|
| ملازموں کے ناموں کی لسٹ | سائن بورڈ لگانا | رجسٹریشن |
| گاڑیاں محفوظ رکھنے کے حکم کی تعمیل | لین دین کا ریکارڈ بنانا وغیرہ | متعلقہ شخص کی تصدیق اور اطلاع |
| سائٹ کا معائنہ وغیرہ | زمین وغیرہ بغیر کرائے یا کرائے پر دینے والے کی ذمہ داری | سکریپ کرنے کا کام معطل کرنے کا حکم |

**آئیچی پریفیکچر پولیس**

## رجسٹریشن

* یکم اکتوبر 2019 سے رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔

سکریپ کا کام کرنے کے لیے آئیچی پریفیکچر پبلک سیفٹی کمیشن کو پیشگی اطلاع دینے کی ضرورت ہے۔ اس کے لیے اپنے یارڈ کے قریبی پولیس اسٹیشن میں شعبہ پبلک سیفٹی سے رابطہ کریں۔

اس آرڈیننس کا رجسٹریشن گاڑیاں ریسائیکل کرنے کے قانون کے مطابق سکریپ کرنے کی اجازت کا متبادل نہیں۔
اس آرڈیننس کے تحت رجسٹریشن کروانے کے ساتھ گاڑیاں ریسائیکل کرنے کے قانون کے تحت سکریپ کرنے کی اجازت آئیچی پریفیکچر سے لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

## سائن بورڈ لگانا

رجسٹریشن والے ہر یارڈ کے سائن بورڈ پر رجسٹریشن نمبر کا اندراج ضروری ہے۔

## ملازموں کے ناموں کی لسٹ

رجسٹریشن والے ہر یارڈ پر سب ملازموں[نام، یوم پیدائش، گھر کا پتہ، جنس، قومیت] کی لسٹ بنانے کی ضرورت ہے۔

غیر ملکی ملازم کی صورت میں رہائشی حیثیت، رہائشی مدت[مدت کا آخری دن]، کام کرنے کی اجازت[ہے/ نہیں] کا اندراج بھی ضروری ہے۔
ملازمت ختم ہونے کے بعد بھی ایک سال تک لسٹ محفوظ رکھنا فرض ہے۔

## متعلقہ شخص کی تصدیق اور اطلاع

سکریپ کرنے کے لیے گاڑیاں لیتے وقت گاڑیاں دینے والوں اور ان کی گاڑیوں کے متعلق مقرر کردہ دستاویزات پڑھ کر تصدیق کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر متعلقہ شخص اور گاڑیوں کے مالک میں فرق ہو تو منتقلی سرٹیفکیٹ (joutosyoumeisyo) ، مختار نامہ (ininjou) پڑھ کر تصدیق کرنے کی ضرورت ہے۔
اور لینے والی گاڑیوں کے متعلق اگر آپ کو شک ہو کہ یہ چوری کی گاڑیاں ہو سکتی ہیں تو فوراً پولیس کو اطلاع دینے کی ضرورت ہے۔

اصلی کاغذات وصول کر کے تصدیق کیجیے۔
مندرجہ ذیل گاڑیاں چوری کی گاڑیاں ہونے کا امکان ہے۔
گاڑی کا فریم نمبر تراشا ہوا ہے یا چابی والا سوراخ یا کی سائلنڈر توڑا ہوا ہے۔
مناسب وجہ کے بغیر گاڑیوں پر دستاویزات تیار نہیں جو قانون کے مطابق گاڑیوں پر تیار کرنا فرض ہے۔

## لین دین کا ریکارڈ بنانا وغیرہ

جب آپ نے گاڑی لی تو اس طرح ریکارڈ بنا کر ایک سال کے لیے محفوظ رکھنا ہے کہ آپ نے کب گاڑی لی، کس نے آپ کو دی، گاڑی کا فریم نمبرکیا ہے اور گاڑی کا مالک کون ہے وغیرہ۔

## گاڑیاں محفوظ رکھنے کے حکم کی تعمیل

جب آئیچی پریفیکچر پولیس کا باس یا پولیس اسٹیشن کا باس یہ مانیں کہ سکریپ کا کام کرنے والے کے لینے والی گاڑیاں چوری کی گاڑی ہونے کا شک ہے تو سکریپ کا کام کرنے والے کو مقرر مدت کے لیے ان گاڑیوں کو محفوظ رکھنے کا حکم دے سکتے ہیں۔

اس حکم کے تحت گاڑیوں کو توڑنا منع ہے

گاڑیاں سکریپ کرنے کے علاوہ گاڑیوں سے الگ ہونے والے پارٹس سکریپ کرنا، گاڑیاں اور گاڑیوں سے الگ ہونے والے پارٹس دوسری جگہ منتقل کرنا، دوسروں کو دینا وغیرہ منع ہے

## گاڑیاں سکریپ کرنے کا کام معطل کرنے کا حکم

جب سکریپ کا کام کرنے والا پبلک سیفٹی کمیشن کی ہدایت کی خلاف ورزی کرے، سکریپ کے کام کے متعلق آرڈیننس کی خلاف ورزی غیر قانونی کام کرے یا ضابطہ تعزیرات پر مقرر کردہ جائداد کے متعلق غیر قانونی کام کرے تو پبلک سیفٹی کمیشن سکریپ کا سب کام یا کام کا ایک حصہ معطل کرنے کا حکم دے سکتا ہے۔

کام معطل کرنے کا حکم انتظامی کام ہے۔ پبلک سیفٹی کمیشن یہ سرکاری طور پر اعلان کر سکتا ہے۔

*"سکریپ کا کام کرنے والے وغیرہ" میں ملازم بھی شامل ہے۔

## زمین وغیرہ بغیر کرائے یا کرائے پر دینے والے کی ذمہ داری

سکریپ کا کام کرنے والے[اور آئندہ سکریپ کا کام کرنے والے] کو زمین یا عمارت بغیر کرائے یا کرائے پر دینے والے کو کنٹریکٹ کرنے یا تجدید کرنے سے پہلے تصدیق کرنے کی کوشش کرنا ہے کہ وہ جگہ چوری کی گاڑیاں سکریپ کرنے کے لیے استعمال نہیں کی جائے گی۔ اور کنٹریکٹ کرتے وقت اس طرح اصول بنانے کی کوشش کرنا ہے کہ وہ جگہ چوری کی گاڑیاں سکریپ کرنے کے لیے استعمال کرنا منع ہے۔

## سائٹ کا معائنہ وغیرہ

ضرورت ہو تو پولیس افسر یارڈ، دفتر اور متعلقہ کسی جگہ پر دستاویزات کی چیکنگ اور متعلقہ شخص سے سوالات کر سکتے ہیں۔

## مستثنیٰ

| گاڑیاں ریسائیکل کرنے کے قانون کے مطابق سکریپ کرنے کی اجازت لینے والا | |
|---|---|
| مستثنیٰ | [شق3]رجسٹریشن |
| | [شق4]سائن بورڈ لگانا |
| مستثنیٰ [انفارمیشن مینیجمنٹ سنٹر کو گاڑیاں لینے کی اطلاع دینے کی صورت میں] | [شق6]متعلقہ شخص کی تصدیق اور اطلاع |
| | [شق7]لین دین کا ریکارڈ بنانا وغیرہ |

## سزا

خلاف ورزی کرنے والے کو مندرجہ ذیل سزا ہو سکتی ہے
[مندرجہ ذیل جزوی سزا ہے]

| سزا | خلاف ورزی |
|---|---|
| زیادہ سے زیادہ ایک سال کی قید با مشقت یا زیادہ سے زیادہ پانچ لاکھ ین کا جرمانہ | سکریپ کا کام معطل کرنے کے حکم کی خلاف ورزی کرنے والا |
| زیادہ سے زیادہ چھ مہینے کی قید با مشقت یا زیادہ سے زیادہ تین لاکھ ین کا جرمانہ | رجسٹریشن کیے بغیر یا جعلی رجسٹریشن کر کے سکریپ کا کام کرنے والا |
| | متعلقہ شخص اور گاڑیوں کا مالک کی تصدیق کیے بغیر گاڑیاں لینے والا |
| | متعلقہ شخص اور گاڑیوں کے مالک میں فرق ہونے کی صورت میں گاڑیاں دینے کی بنیاد تصدیق کیے بغیر گاڑیاں لینے والا |
| | لین دین کا ریکارڈ نہ بنانے والا یا جعلی ریکارڈ بنانے والا |
| | لین دین کا ریکارڈ محفوظ نہ رکھنے والا |
| | لین دین کا ریکارڈ ضائع کرنے والا اور گم ہونے وغیرہ کی اطلاع نہ دینے والا یا جعلی اطلاع دینے والا |
| | گاڑیاں محفوظ رکھنے کے حکم کی خلاف ورزی کرنے والا |
| زیادہ سے زیادہ تین لاکھ ین کا جرمانہ | سکریپ کا کام بند کرنے کی اور معلومات کی تبدیلی کی اطلاع نہ دینے والا یا جعلی اطلاع دینے والا |
| | ملازموں کے ناموں کی لسٹ تیار نہ کرنے والا، اس پر ضروری باتیں نہ لکھنے والا، جعلی باتیں لکھنے والا |
| | رپورٹ، مواد پیش کرنے اور سائٹ کے معائنے سے انکار وغیرہ کرنے والا |
| زیادہ سے زیادہ ایک لاکھ ین کا جرمانہ | سائن بورڈ نہ لگانے والا |

## رابطہ معلومات

آئیچی پریفیکچر پولیس ہیڈ کوارٹر [052-951-1611]
کرائم تفتیشی ڈپارٹمنٹ، انٹرنیشنل تفتیشی ڈویژن
پبلک سیفٹی ڈپارٹمنٹ، سیکورٹی ڈویژن
سب سے قریبی پولیس اسٹیشن کا شعبہ کرائم تفتیش، شعبہ پبلک سیفٹی
آئیچی پریفیکچر پولیس کا ویب سائٹ
https://www.pref.aichi.jp/police/

یہ پمفلٹ آئیچی پریفیکچر پولیس کے ویب سائٹ پر پڑھ سکتے ہیں۔ انگریزی، پرتگال، اردو بھی ہیں۔ وہاں مکمل آرڈیننس بھی پڑھ سکتے ہیں۔
[صرف جاپانی میں]

